سوال

(739) سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضور ﷺ کی بیٹی حضرت فاطمہ نے کتنی عمر میں وفات پائی؟ (سائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا بنت رسول اللہ ﷺ کی تاریخ پیدائش میں اختلاف ہے۔

ابوجعفر باقر کا کہنا ہے: آپ ﷺ کی عمر ۳۵ سال تھی اور کعبہ زیر تعمیر تھا۔ جب فاطمہ رضی اللہ عنہا پیدا ہوئی اور عبید اللہ بن محمد بن سلیمان بن جعفر ہاشمی کا قول ہے: آپ ﷺ کی عمر ۲۱ سال تھی جب فاطمہ رضی اللہ عنہا کی ولادت ہوئی۔ بعثت سے ایک سال یا کچھ زیادہ عرصہ پہلے ولادت ہوئی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے قریباً پانچ سال بڑی تھیں۔ ۲ھ اوائل محرم میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان کا نکاح ہوا۔ اور تاریخ وفات بقول واقدی منگل کی رات ۳ رمضان المبارک ۱۱ ہجری ہے۔ (الاصابة لابن حجر: ۳۶۵/۴)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب اللباس: صفحہ: 522

محدث فتویٰ